اسائنمنٹ (Assignment) B4: آئیوڈین کی جانچ: مقامی غذائی ذرائع کی تلاش

مقامی دکانوں اور بازاروں کا جائزہ لیں تاکہ آئیوڈین سے بھرپور غذائیں معلوم کی جا سکیں۔ اپنے گروپ کے ساتھ تعاون کریں، دکانیں منتخب کریں، مصنوعات کا جائزہ لیں، اور نتائج کو دستاویزی شکل دیں۔ کلاس کے لیے ایک پریزنٹیشن تیار کریں۔

متبادل طور پر، آن لائن تلاش کریں۔

اپنے گروپ کے ساتھ مل کر مقامی دکانوں اور بازاروں میں آئیوڈین والی غذائیں اور آیوڈین ملا نمک چیک کریں۔ آپ مقامی دکانوں اور بازاروں میں مصنوعات کی تلاش کی بجائے یہ کام آن لائن بھی کر سکتے ہیں

اقدامات

1. **دکانوں کا انتخاب کریں:** اپنے گروپ کے ساتھ مل کر طے کریں کہ کن جگہوں پر جایا جا سکتا ہے، جیسے کریانہ سٹور اور اشیائے خورد و نوش کے بازار۔
2. **جائزہ لیں:** ان جگہوں پر اپنے گروپ کے ساتھ جا کر معلوم کریں کہ کیا وہاں آئیوڈین والی غذائیں اور آئیوڈین ملا نمک دستیاب ہیں۔
3. **معلومات جمع کریں:** آپ نے جو معلومات اکٹھی کی ہے اسے لکھیں اور ضرورت پڑنے پر تصاویر لیں۔
4. **خلاصہ بنائیں:** اپنی معلومات کا خلاصہ تیار کریں اور آئیوڈین کے اچھے ذرائع کا جائزہ فراہم کریں۔
5. **پریزنٹیشن (presentation):** جو کچھ آپ نے دریافت کیا ہے اس کے بارے میں ایک مختصر پریزنٹیشن تیار کریں۔
6. **اپنے ہم جماعتوں کو دکھائیں:** اپنا کام کلاس کے ساتھ شیئر کریں اور وہ اہم نکات بتائیں جو خریداری کے دوران مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔

آئیوڈین سے بھرپور غذائی مصنوعات